# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

بروز جمعہ مورخہ 25 اکتوبر 2024ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی۔

1) تلاوت قرآن پاک وترجمہ

2) وقفہ سوالات

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور محکمہ معدنیات سے متعلق سوالات دریافت اوران کے جوابات دیئے جائیں گے۔

4) غیر سرکاری قراردادیں

**قرارداد نمبر 24 منجانب: سید ظفر علی آغا، رکن صوبائی اسمبلی** (مورخہ 18 اکتوبر 2024 کی نشست میں موخرشدہ)

ہرگاہ کہ ضلع پشین میں عوام کی سہولت کی خاطر پاسپورٹ آفس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جہاں پر اب تک فیمل فوٹوگرافر کی سہولت نہ ہونے کی بنا میل فوٹوگرافر خواتین کی تصاویر اتارتے ہیں جوکہ مذہبی اور قبائلی روایات کے خلاف ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ ضلع پشین پاسپورٹ آفس میں فیمل فوٹوگرافر کی تعیناتی کو یقینی بنائے۔ تاکہ علاقے کی خواتین کو درپیش مسئلہ حل ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 28 منجانب:۔ سید ظفر علی آغا، رکن صوبائی اسمبلی۔** (مورخہ 18 اکتوبر 2024 کی نشست میں موخرشدہ)

ہرگاہ کہ صوبہ بھر میں گرین بسوں کا پروجیکٹ ایک مستحسن اقدام ہے۔ اس سہولت سے ہمارے غریب عوام سفر کی بہتر سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ لیکن تا حال یہ پروجیکٹ صرف کوئٹہ شہر تک محدود ہے۔ چونکہ ضلع پشین کے عوام کی اکثریت غریب آبادی پر مشتمل ہے۔ بہ ایں وجہ وہ روزگار کی تلاش میں روزانہ کی بنیاد پر کوئٹہ شہر کا رخ کرتے ہیں۔ لیکن پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کے کرایہ زیادہ ہونے کی بنا انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں۔

لہذا ضلع پشین کے غریب عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ گرین بسوں کے روٹ کو پشین تک توسیع دینے کو یقینی بنائیں۔ تاکہ علاقے کے غریب عوام بھی اس سہولت مستفید ہو سکے۔

(جاری صفحہ۔۔2)

Scanned with CamScanner

**قرارداد نمبر 29 منجانب:۔ مولانا ہدایت الرحمٰن، رکن صوبائی اسمبلی (مورخہ 18 اکتوبر 2024 کی نشست میں موخر شدہ)**

ہرگاہ کہ بلوچستان میں ایک اندازے کے مطابق 5 لاکھ سے زائد نوجوان منشیات سے متاثر ہو چکے ہیں۔ اور منشیات کی وجہ سے لاکھوں بچے یتیموں اور ہزاروں بہنیں بیواؤں کی طرح زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ منشیات کے اڈے دن کی روشنی میں با اثر افراد کی نگرانی میں چل رہے ہیں۔ مزید براں اس وقت صوبے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے اندر بھی منشیات کی رپورٹس آرہی ہیں۔ جو کہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ صوبے میں منشیات کے اڈوں کے خاتمے کی بابت فوری طور پر عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ صوبہ کے نوجوان منشیات جیسی لعنت سے محفوظ ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 30 منجانب:۔ میر زابد علی ریکی، رکن صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ آج کے ترقی یافتہ دور میں روڈ عوام کی بنیادی ضرورتوں میں شمار ہوتا ہے۔ روڈ آمدورفت کے لیے ایک ضرورت بن چکی ہے۔ لیکن افسوس کی بات ہے۔ کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں روڈز نہ ہونے کے برابر ہے۔ اور خاص کر ضلع واشک کے عوام روڈ کی سہولیات سے یکسر محروم ہیں۔ جس کی وجہ علاقے کے عوام سخت مشکلات کا شکار ہیں۔

لہذا ضلع واشک کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ سی پیک روڈ تا شنگر یونین کونسل 80 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں۔ تاکہ ضلع واشک کے عوام کو روڈز کی سہولیات مہیا کی جاسکے۔

**کوئٹہ**
**مورخہ 24 اکتوبر 2024ء**

**طاہر شاہ کاکڑ**
**سیکرٹری**

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

## بروز جمعہ مورخہ 25 اکتوبر 2024ء

## نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

## (1) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن (2) محکمہ معدنیات

☆62 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 جولائی 2024

کیا وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو اسکیم کا نام، پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص شدہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع خضدار اور ضلع ژوب کیلئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے کل کتنے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اسکیم کا نام، پی ایس ڈی نمبر اور مختص شدہ رقم کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن** — جواب موصول ہونے کی تاریخ 28 اگست 2024

جواب نفی میں تصور کیا جائے۔

☆75 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 29 جولائی 2024

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

کیا یہ درست ہے سال 2021 سے سال 2024 کے دوران اموں ماشکیل (لیتیم) کیمیکل نکالنے کیلئے مختلف کمپنیوں کو الاٹمنٹ دی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کتنی کمپنیوں کو الاٹمنٹ دی گئی ہے کمپنی کے مالک کا نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، مستقل پتہ، عارضی پتہ اور لوکل/ ڈومیسائل کی مکمل تفصیل دی جائے اور لیتیم کیمیکل کل کتنے رقبے پر مشتمل ہے نیز اموں ماشکیل میں صوبہ کے لوکل کل کتنی کمپنیوں کو الاٹمنٹ دی گئی ہے کمپنی کے مالک کا نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، مستقل پتہ، عارضی پتہ اور لوکل کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

Scanned with CamScanner

**وزیر معدنیات** **جواب موصول ہونے کی تاریخ 13 اگست 2024**

سال 2021 سے 2024 کے دوران دو کمپنیوں کو الاٹمنٹ دی گئی ہے جن کے نام اور پتہ ذیل ہیں۔

Exploration License .EL250

شانزی اٹلس انٹرنیشنل مائننگ لمیٹڈ کل رقبہ 417.45 اسکوائر کلومیٹر اجازت دینے کی تاریخ 22.09.2023۔

پتہ۔آفس نمبر 15A-1,First Floor Taj mehal near 6thRoad Metro Station

Murree Road Rawalpindi Pakistan.

حصہ دار۔

1۔علی مسعود خاور ولد خاور مسعود مظہر شناختی کارڈ نمبر 72458-6102044-1

2۔محمد عثمان خالد ولد خالد مسعود اظہر شناختی کارڈ نمبر 34202-9487086-5

ٹوٹل حصہ 50,000

i۔فن یا بین پاسپورٹ ED8138198 Chinese 47500 Shares

ii۔علی مسعو خاور 2500 Shares

2۔Reconnaissance License RL-21 اجازت نامہ۔M/S Tharai Limited

پتہ۔Basement Oriented Plaza M.A Jinnah Road Quetta

مختص جگہ۔993.24 اسکوائر کلومیٹر اجازت دینے کی تاریخ 08.06.2023

حصہ دار۔

1۔کامران شیخ ولد ممتاز احمد شیخ شناختی کارڈ 42301-7270711-7

پتہ 32/2 Street N,Phase -4 DHA Karachi South Pakistan

علاوہ ازیں ہامون ماشکیل میں صوبے کے لوکل کسی کمپنی کو الاٹمنٹ نہیں دی گئی ہے (انگریزی کاپی آخر پر منسلک ہے)۔

کوئٹہ، طاہر شاہ کاکڑ،

مورخہ 24 اکتوبر 2024 سیکرٹری،

75 تفصیل سوالز 13/8/2024

1. **Exploration License EL-250**

**Granted to:** Shaanxi Atlas International Mining Pakistan (Pvt) Limited

**Area Granted:** 417.45 SqKm

**Date of Grant:** 22-09-2023

**Address:** Office No. 15A-1, First Floor, Taj Mahal Plaza, near 6th Road Metro Station Muree Road, Rawalpindi Pakistan.

**Shareholders:**

i. Ali Masood Khawar S/o Khawar Masood Mazhar

CNIC: 72458-6102044-1

Present Address: Ave vedat 98 p 13, Torrente, 46900, Valencia Spain

Permanent Address: As above

ii. Mohammad Usman Khalid S/o Khalid Mehmood Azhar

CNIC: 34202-9487086-5

Present Address: Post office Lala Musa, Chak Sikandar, Tehsil Kharian, district Gujrat.

Permanent Address: As above

**Articles of Association of Shareholders:**

Total Shares: 50,000

i. Fan Yubin – Passport – ED8138198 Chinese 47500 Shares
ii. Ali Masood Khawar 2500 Shares

2. **Reconnaissance License RL-21:**

**Granted to:** M/S Tharai Limited

**Address:** Basement Oriented Plaza, M.A Jinnah Road, Quetta.

**Area Granted:** 993.24 SqKm

**Date of Grant:** 08-06-2023

**Shareholders:**

i. Kamran Shaikh S/o Mumtaz Ahmed Shaikh
CNIC: 42301-7270711-7
Address Permanent: 32/2, Street N, Phase-4, DHA Karachi, South Pakistan.
Address Present: 22 Seething, Wells Lane, Surbiton, KTG SNR, Surrey, United Kingdom

**Articles of Association Shareholders**

i. Vikki Steward – 5%
Address – 4 Park Road, Moseley, Birmingham, B13 & 8AB.

Scanned with CamScanner